Servei de Primera Acollida

ابتدائی استقبالیہ سروس

Generalitat de Catalunya
Departament de Treball, Afers Socials i Famílies

Unió Europea
Fons social europeu
L'FSE inverteix en el teu futur

Consell Comarcal Ribera d'Ebre
Àrea de Serveis a les Persones

مزید معلومات کیلئے آپ ابتدائی استقبالیہ سروس کی ویب سائٹ سے رجوع کر سکتے ہیں

http://benestar.gencat.cat/ca/ambits_tematics/immigracio/servei-de-primera-acollida

مزید معلومات:۔

اپنی متعلقہ کارپوریشن یا علاقائی کونسل

Més informació:
Al Consell Comarcal de la Ribera d'Ebre Tècnica d'immigració
Horari: 9 a 15 h
Adreça: Pl. Sant Roc, 2 Móra d'Ebre a/e:
immigracio@riberaebre.org
www.riberaebre.org
Tel: 977 401851

امیگریشن کے 012 ٹیلی فون پر

012

gencat.cat

ٹیلی فون کال کا نرخ۔ متعلقہ ٹیلی فون آپریٹر پر منحصر ہے

ابتدائی استقبالیہ سروس

کتلان حکومت نے لوکل انتظامیہ، سماجی ورکرز اور مختلف تجربہ کار سماجی تنظیموں کے تعاون سے آپ کی خدمت کیلئے ابتدائی استقبالیہ سروس کا اہتمام کیا ہے۔ جس کا مقصد غیر ملکی تارکین وطن اور واپس آنے والے کتلان شہریوں میں خود اعتمادی پیدا کرنا اور تمام شہریوں میں مساوی مواقع کی فضا پیدا کرنا ہے

یہ سروس کن لوگوں کیلئے ہے؟

غیر ملکی تارکین وطن، سیاسی پناہ کے خواہشمند افراد، مہاجرین، بے گھر افراد اور وطن واپس آنے والے افراد شامل ہیں

جون 2016ء میں اس سروس سے مستفید ہونے والے افراد کیلئے کتلونیا میں ایک سال کی رہائشی رجسٹریشن لازمی ہوگی

Servei de Primera Acollida

کس بات کا خیال رکھنا ضروری ہے؟

- جون 2016ء تک کتلونیا میں رہائشی رجسٹریشن کے حامل افراد چاہے ان کو جتنا بھی عرصہ گذرا ہو ابتدائی استقبالیہ سروس سے مستفید ہو سکتے ہیں
- جون 2016ء میں اس سروس سے مستفید ہونے والے افراد کیلئے کتلونیا میں ایک سال کی رہائشی رجسٹریشن لازمی ہوگی
- ابتدائی استقبالیہ سروس کے تینوں ماڈل سے مستفید ہونے کیلئے دو سال کی رہائشی رجسٹریشن لازمی ہوگی
- اگر ابتدائی استقبالیہ سروس کے ہر ماڈل میں 75 فیصد کلاس میں حاضری نہیں ہوگی تو ڈپلومہ جاری نہیں کیا جائے گا
- اگر آپ کو کتلان یا کستیانو آتی ہے تو SOC کا کوئی ایک کورس یا کتلان معاشرتی ماڈل بارے کورس کرنا ہوگا اس سلسلے میں اپنی متعلقہ کارپوریشن کے ابتدائی استقبالیہ سروس سے رابطہ کرنا ہوگا آپ کی جانکاری بہت اہم ہے

ابتدائی استقبالیہ سروس

ابتدائی استقبالیہ سروس۔ مختلف عوامل اور وسائل پر مشتمل ہے جو نئے آنے والے افراد کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کی تربیت اور معلومات فراہم کرتی ہے۔ جس میں کتلونیا میں رہنے اور تلاش روزگار کیلئے نئے آنے والے افراد کی شخصی رہنمائی، پیشہ وارانہ تربیت، دستاویزات کی تصدیق وغیرہ شامل ہیں

مذکورہ سروس کے تین ماڈل میں تقسیم کیا گیا ہے

- **لسانی سروس**

  اس ماڈل میں کتلونیا کی دونوں سرکاری زبانوں کتلان اور کستیانو میں سے کسی بھی زبان میں کم از کم 90 گھنٹے کا کورس شامل ہے

- **تلاش روزگار بارے شناسائی**

  اس ماڈل میں افرادی قوت بارے شناسائی کا کم از کم 15 گھنٹے کا کورس شامل ہے

- **کتلان معاشرہ**

  اس ماڈل میں آپ کی متعلقہ کارپوریشن اور دیگر پبلک سروس کے اداروں کے بارے تفصیلی تعارف کا 15 گھنٹے کا کورس شامل ہے

ابتدائی استقبالیہ سروس تک ہم کیسے رسائی حاصل کر سکتے ہیں؟

میونسپل کارپوریشن کے شہری رجسٹریشن کے دفاتر یا اپنی متعلقہ کارپوریشن میں قائم شہری معلوماتی مراکز میں آپ کو ٹیلی فون نمبر مہیا کر سکتے ہیں یا کارپوریشن کی متعلقہ سروس سے رابطہ کروا سکتے ہیں

ابتدائی استقبالیہ سروس کے تجربہ کار افراد آپ کو معلومات کی فراہمی اور دفتری کاروائی میں آپ کی مکمل مدد کریں گے

ابتدائی استقبالیہ سروس آپ کیلئے کیوں مفید ہے؟

اس سروس کے ذریعے آپ کو کتلان معاشرے میں بہتر انداز میں رہنے کے طریقے بتائے جائیں گے۔ ابتدائی استقبالیہ سروس کا ڈپلومہ آپ کو تلاش روزگار کیلئے کام آسکے گا اور آپ کی پیشہ وارانہ اہلیت اور تجربہ کا عکاس ہوگا

اس کے علاوہ ابتدائی استقبالیہ سروس کا ڈپلومہ آپ کیلئے سپین میں قانونی رہائش، سوشل آرائیگو، کے حصول، ریذیڈنسی میں ردوبدل اور تجدید وغیرہ میں بھی مددگار ثابت ہوگا